# انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ راولپنڈی

منجانب | مراسلہ نمبر ASA/593/21
سیکرٹری | تاریخ : 02-08-2021
بنام

جملہ سربراہان راولپنڈی بورڈ کی حدود میں واقع سکولز و ہائر سیکنڈری سکولز (گرلز/بوائز)

**عنوان:۔ آن لائن رجسٹریشن/داخلہ شیڈول برائے جماعت نہم تعلیمی سیشن 2021-2023**

اسلام علیکم!

آپ کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ PBCC کی طرف سے آمدہ شیڈول کے مطابق بورڈ ہذا نے امسال ریگولر امیدواران (بورڈ سے الحاق شدہ سرکاری اور پرائیویٹ تعلیمی اداروں کے امیدواروں) کے جماعت نہم کی رجسٹریشن/داخلے کا درج ذیل شیڈول مقرر کیا ہے۔ (سرکاری ادارے سنگل رجسٹریشن فیس سے مستثنیٰ ہیں۔)

| سیریل نمبر | شیڈول | اداروں میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری، بینک میں فیس جمع کروانے کا آن لائن/کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع کروانے کی تواریخ |
|---|---|---|
| (i) | داخلہ جماعت نہم بغیر لیٹ فیس (تمام سرکاری ادارے رجسٹریشن فیس سے مستثنیٰ ہوں گے لیکن پروسیسنگ فیس مبلغ -/530 روپے فی طالب علم/طالبہ جمع کروانے کے پابند ہوں گے)۔ | 2 اگست 2021ء تا 15 ستمبر 2021ء |
| (ii) | -/500 روپے لیٹ فیس فی طالب علم/طالبہ کے ساتھ جماعت نہم میں داخلہ (تمام سرکاری پرائیویٹ (الحاق شدہ) تعلیمی ادارے بورڈ ہذا کو جمع کروانے کے پابند ہوں گے)۔ | 16 ستمبر 2021ء تا 30 ستمبر 2021ء |
| (iii) | (i) اداروں میں درج بالا تاریخوں تک داخل کئے گئے طلباء وطالبات کی انرولمنٹ ریٹرن اصل مروجہ فیس، انرولمنٹ فیس اور پروسیسنگ فیس کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ -/200 روپے کے ساتھ جمع کروانے کا معاملہ<br>(ii) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن جمع نہ کروانے کی صورت میں مبلغ -/200 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ جمع کروانا ہوگا۔ | ایسے طلباء وطالبات جن کا داخلہ اداروں میں مقرر کردہ درج بالا داخلہ شیڈول میں ہوا گر رجسٹریشن ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی/نہ ہی BATCH بن سکے/نہ ہی دفتر ہذا میں رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع ہوئی تو ان امیدواران کی رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس کے علاوہ جرمانہ فی طالب علم/طالبہ یومیہ مبلغ -/200 روپے کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ (Tripple) تین گنا فیس شیڈول کی آخری تاریخ تک وصول کی جائے گی۔ |
| (iv) | پراسیسنگ فیس -/530 روپے | رجسٹریشن فیس -/1000 روپے |

**نوٹ:** نہم کلاس کی رجسٹریشن آن لائن کرنے کیلئے "ب" فارم لازمی ہے۔ نیز بلیو بیک گراؤنڈ والی پاسپورٹ سائز تصویر سکین کر کے لگائیں جس کا سائز 18KB تک ہونا چاہیے۔ رجسٹریشن ریٹرن سے متعلقہ ضروری رہنمائی بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.biserawalpindi.edu.pk پر دستیاب ہے۔

**جماعت نہم میں داخلہ کیلئے عمر کی حد:۔ تمام تعلیمی اداروں (سرکاری/پرائیویٹ الحاق شدہ) کیلئے لازمی ہے۔ جماعت نہم کی رجسٹریشن کرتے وقت یکم اگست 2021 تک طالب علم/طالبہ کی عمر کم از کم 12 سال ہونی چاہیے یعنی جس بچے کی پیدائش یکم اگست 2009 یا اس سے پہلے کی ہے وہ جماعت نہم سیشن 2021-2023 میں رجسٹریشن کا اہل ہے۔**

01 ادارہ میں داخل شدہ سائنس اور آرٹس کے تمام طلباء وطالبات کا BATCH بھی سائنس اور آرٹس میں علیحدہ سے بنائیں اور فیس کا آن لائن/کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان بھی سائنس اور آرٹس میں علیحدہ سے ہی جمع کروانا ہوگا۔ **Creation of Batch کے بعد ادارہ جات اگر Batch ختم (Delete) کروانا چاہتے ہوں تو وہ مبلغ -/1050 روپے کے اصل بینک چالان کے ساتھ ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس/پرنسپل کی درخواست پر Batch/رجسٹریشن ختم (Delete) کیا جائے گا۔ مدھم اور غیر واضح پرنٹ ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔ رجسٹریشن ریٹرن کو بورڈ ویب سائٹ پر آن لائن کرتے ہوئے۔** رجسٹریشن ریٹرن فارم میں طلبا طالبات کے نام ولدیت کے ہجے (Spelling)، تاریخ پیدائش، مضامین مکمل اور درست لکھے جائیں۔ طلباء طالبات کو ملاحظہ کروا کر متعلقہ کالم میں ان کے دستخط کے علاوہ نشان انگوٹھا بھی لگوایا جائے۔

02 رجسٹریشن ریٹرن کی مکمل ہارڈ کاپی دفتر میں جمع نہ کروانے کی صورت میں درج بالا شیڈول کی شق نمبر (iii) کے تحت ادارہ کو فیس و جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ انرولمنٹ فیس/جرمانہ کی رقوم حبیب بینک بورڈ برانچ یا بورڈ سے منظور شدہ حبیب بینک لمیٹڈ کی کسی بھی شاخ میں بحق بورڈ آن لائن/کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان پر جمع کروانی ہوگی۔ رجسٹریشن فیس جو ایک مرتبہ بورڈ کے کھاتہ میں جمع ہو جائے گی وہ قابل واپسی نہیں ہوگی اور چیک/ڈرافٹ کسی بھی صورت قابل قبول نہیں ہوگا۔ نیز تجدید شدہ الحاق لیٹر کے بغیر رجسٹریشن ریٹرن جمع نہیں ہوگی۔

-03 آن لائن رجسٹریشن کے بعد اس کے ساتھ **Forwarding letter, Cut list، Revenue Form ,REGISTRATION FORM** اور فیس کا اصل چالان منسلک کیا جائے۔ نوٹ (**رجسٹریشن فارم کی ہارڈ کاپی دفتر کو لازمی ارسال کی جائے**)۔

:04 **NOC** دوسرے بورڈ سے مائیگریشن کر کے آنے والے طلبا/طالبات متعلقہ بورڈ سے جاری کردہ زیر تعلیم مائیگریشن سرٹیفکیٹ/N.O.C. کے اجراء کے **45** ایام کے اندر بورڈ ہذا سے الحاق شدہ کسی بھی ادارے میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ اور ادارے کے سربراہ ایسے طلبا/طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ اس کے سابقہ بورڈ کے جاری کردہ مائیگریشن سرٹیفکیٹ/N.O.C.، سکول کے لیٹر پیڈ پر سربراہ ادارہ کا وضاحتی مراسلہ اور رجسٹریشن فیس **-/1530 روپے** بحق بورڈ بینک میں جمع کروانے کا اصل چالان لف کر کے طالب علم/طالبہ کو سکول میں داخل کرنے کی تاریخ کے 10 دن کے اندر بورڈ ہذا میں جمع کروانے کے پابند ہوں گے، بصورت تاخیر شق نمبر **(iii)** کے مطابق فیس و جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

:05 پرائیویٹ ادارہ جات رجسٹریشن ریٹرن جمع کرواتے وقت بورڈ ہذا سے الحاق کے مراسلہ کی کاپی اور **سال 22-2021 کی معائنہ فیس مبلغ -/10,000 روپے کی رسید لازماً منسلک کریں۔** بصورت دیگر رجسٹریشن ریٹرن مسترد کر دی جائے گی۔ اور بعد میں الحاق کا مراسلہ پیش کرنے پر مذکورہ بالا شیڈول میں درج تفصیل کے مطابق فیس و جرمانہ کی ادائیگی سے جمع ہو سکے گی۔ تمام پرائیویٹ ادارہ جات سالانہ معائنہ فیس جمع کروا کر چالان کی کاپی سکین کر کے لگانے کے بعد اپنے ادارہ کے امیدواران کے کوائف فیڈ کر سکتے ہیں نیز مجاز اتھارٹی دوران سال ادارہ کا کسی بھی وقت معائنہ کر سکتی ہے۔

06- **بیرون ملک سے آمدہ کیس:۔** بیرون ملک کے کسی گورنمنٹ یا پرائیویٹ منظور شدہ ادارے سے سرٹیفکیٹ لے کر آنے والے امیدواران اپنے کوائف پاکستانی سفارت خانے/منسٹری آف ایجوکیشن سے تصدیق کے بعد دوران سال/امتحان سے تیس یوم قبل تک کسی بھی وقت داخلہ لے سکتے ہیں۔تاہم ترسیل رجسٹریشن کی درخواست مروجہ فیس بنک چالان کے ساتھ تک جمع کرواسکتے ہیں۔اس کے بعد مضمون یا گروپ ہرگز تبدیل نہ ہوگا۔

07: تمام الحاق شدہ گورنمنٹ/ پرائیویٹ/کمیونٹی ماڈل ادارہ جات فقط اپنے ادارہ میں داخل شدہ طلباء/ طالبات کی رجسٹریشن کرانے کے مجاز ہیں **کسی بھی غیر رجسٹرڈ ادارے کے طلباء/ طالبات کی رجسٹریشن اپنے ادارے کے طلباء/ طالبات ظاہر کرتے ہوئے بھجوانے کی صورت میں ادارے کے خلاف کارروائی کی جائے گی اور بورڈ سے الحاق ختم کر دیا جائے گا۔**

08- **مائیگریشن سکول ٹو سکول۔** جماعت نہم/دہم میں زیر تعلیم طلبا/طالبات ایک سکول سے دوسرے سکول میں مائیگریشن کے سلسلے میں دفتر سے اجازت نامہ حاصل کر کے مائیگریشن کرواسکتے ہیں۔جس کی فیس مبلغ-/**1900** مقرر ہے۔مائیگریشن فارم دفتر ہذا کے علاوہ ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔واضح رہے کہ دفتر ہذا کی اجازت کے بغیر کی گئی مائیگریشن قابل قبول نہ ہو گی۔امتحان دینے کے بعد نہم کلاس کے رزلٹ کی اشاعت کے بعد طلباء و طالبات جو سکول تبدیل کرنا چاہتے ہیں وہ سکول ٹو سکول مائیگریشن دہم کلاس میں مائیگریشن کرواسکتے ہیں۔نیز نہم کلاس کے طلباء و طالبات رجسٹریشن کارڈ جاری ہونے کے بعد مائیگریشن کرواسکتے ہیں۔مائیگریشن امتحانی داخلہ فارم کے جاری کردہ ڈبل فیس شیڈول تک کی جائے گی۔نیز سکول نمبر 1 سکول نمبر 2 کا ادارہ کوڈ لازمی تحریر کریں۔

09- **ریٹرن میں درستگی کا طریقہ کار۔** رجسٹریشن ریٹرن میں **کوائف کی درستگی** سربراہ ادارہ کے جاری کردہ تصدیقی مراسلہ کے ساتھ (ب) فارم کی مصدقہ نقل درستگی فیس مبلغ-/**450** روپے (فی درستگی) کی جائے گی اور امتحان شروع ہونے کے بعد اور اشاعت سے پہلے مبلغ-/**770 روپے** (فی درستگی) کی جائے گی۔تصویر درستگی فیس مبلغ-/**550 روپے** چالان کی وصولی پر کی جائے گی اور **تصویر کی درستگی صرف جماعت نہم میں امتحان شروع ہونے سے پہلے رجسٹریشن برانچ کرے گی۔امتحان شروع ہونے کے بعد درستگی نہم برانچ سے ہوگی نیز اس کے بعد تصویر ہرگز تبدیل نہ ہوگی۔نہم کے رزلٹ کے اشاعت کے بعد کوائف کی درستگی نہم برانچ سے ہوگی۔ نام، تاریخ پیدائش مروجہ فیس-/2600 ولدیت-/4600 ہوگی۔**

10- **جماعت نہم میں ری ایڈمیشن اور رزلٹ کینسل کا طریقہ کار۔** نہم جماعت (9th) کے کسی بھی مضمون/**مضامین میں 33% سے کم نمبر، غیر حاضر، صرف رجسٹرڈ ہونے والے اور پاس ہونے والے طلباء/ طالبات سالانہ امتحان 2021ء نہم جماعت کے نتیجہ کی اشاعت کے 30 ایام کے اندر کسی بھی ادارہ میں دوبارہ داخلہ لے سکتے ہیں نیز طلباء / طالبات اپنا مضمون/گروپ بھی تبدیل کر سکتے ہیں۔ ری ایڈمیشن کی فیس مبلغ-/1000 روپے ہے۔طلباء/ طالبات Re.Admission کی سہولت ایک مرتبہ ہی حاصل کر سکتے ہیں** اور ری ایڈمیشن شدہ طلباء و طالبات اگر اگلے سال جماعت نہم (9th) میں پاس ہو جائیں تو ان کا پاس رزلٹ کینسل نہیں ہوگا اور نہ ہی ان کا جماعت نہم میں دوبارہ داخلہ ہوگا نیز جماعت نہم کا امتحان پاس کرنے والے امیدواران دوبارہ داخلہ لینے کیلئے اپنا رزلٹ نہم برانچ بورڈ ہذا سے کینسل کروائیں گے اور Affidivit دیں گے کہ دہم میں امتحان نہیں دیں گے اور نہ دیا ہے اور پوزیشن آنے کی صورت میں وہ اہل نہ ہوں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| i | **فیس مبلغ-/1000 روپے بمع-/200 روپے جرمانہ روزانہ کے ساتھ نہم جماعت میں دوبارہ داخلہ** | **نتیجہ کی اشاعت کے 30 ایام گزرنے کے بعد تا امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ تین گنا فیس شیڈول کی آخری تاریخ تک** |

11: **مضامین میں تبدیلی۔** مضمون کی تبدیلی مبلغ-/**570 روپے** فی مضمون اور گروپ تبدیلی کی فیس-/**1570 روپے** مقرر کی گئی ہے۔

| | |
|---|---|
| 1. | **مضمون تبدیلی کی سنگل فیس کے ساتھ آخری تاریخ** **31-01-2022**<br>**تبدیلی مضمون کی مروجہ فیس مبلغ-/570 روپے اور تبدیلی گروپ کی مروجہ فیس مبلغ-/1570 روپے** |
| 2. | جرمانہ کے ساتھ آخری تاریخ **امتحان شروع ہونے سے 15 دن قبل تک**<br>جرمانہ کے ساتھ **تبدیلی مضمون کی مروجہ فیس مبلغ-/1070 روپے اور تبدیلی گروپ کی مروجہ فیس مبلغ-/2270 روپے** |
| 3. | **مضمون/مضامین اور گروپ کی تبدیلی امتحان شروع ہونے سے ایک دن قبل درج شیڈول کے تحت کی جائے گی۔**<br>**تبدیلی مضمون کی مروجہ فیس مبلغ-/2070 روپے /تبدیلی گروپ کی مروجہ فیس مبلغ-/3270 روپے** |
| 4. | **مضمون/مضامین اور گروپ کی تبدیلی دوران امتحان متعلقہ دونوں پرچوں سے ایک دن قبل درج شیڈول کے تحت کی جائے گی۔**<br>**تبدیلی مضمون کی مروجہ فیس مبلغ-/3070 روپے/تبدیلی گروپ کی مروجہ فیس مبلغ-/4570 روپے** |

4.8.21

**(ڈاکٹر ثمینہ سلیم)**

**سیکرٹری**

**کاپی برائے اطلاع و تشہیر و ضروری کارروائی:**

۱۔ راولپنڈی بورڈ سے الحاق شدہ تمام تعلیمی اداروں کے سربراہان

۲۔ ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسرز (ایجوکیشن) اٹک، چکوال، جہلم، راولپنڈی

۳۔ جملہ پنجاب بورڈز

۴۔ پی آر او بورڈ ہذا (برائے تشہیر پرنٹ/الیکٹرانک میڈیا)

۵۔ داخلی تقسیم